ادبیات

غزل

جناب الم مظفر نگری

مقامِ عشق میں اوّل ہی سے آساں بھی مشکل بھی
وہی صحرا بصحرا ہے وہی منزل بمنزل بھی

یہاں کی خستگیِ غم بھی ہے تسکینِ غمِ دل بھی
جسے کہتے ہیں 'اُلفت' راہ بھی ہے اور منزل بھی

مے دل رکھتی ہے کیفِ خودی و بیخودی ساقی
مرے چھوٹے سے پیمانے میں ہے دریا بھی ساحل بھی

جہاں کو تابشیں دیں اس کے گرمِ دستر جلووں نے
مرا داغِ جنوں خورشید بھی ہے ماہِ کامل بھی

وہی واقف ہیں جو حسنِ عمل سے کام لیتے ہیں
کہ ہے خود انقلابِ زندگی آساں بھی مشکل بھی

ابھی تک آ رہی ہے یہ صدا زندانِ یوسف سے
عطا کرتی ہے آزادی یہاں قیدِ سلاسل بھی

یہ مٹ جائے تو رونق ختم ہو جائے گی دنیا کی
سبب دلچسپیوں کا ہے نزاعِ حق و باطل بھی

ہوا جاتا ہے گم دل رونقِ بزمِ تماشا میں
حریفِ جلوۂ معنیٰ ہے کتنا حسنِ باطل بھی

ڈبونا چاہتی ہے ناخدا! جو میری کشتی کو
وہی موجِ رواں بن جائے گی دامانِ ساحل بھی

متاعِ سوزِ غم محفوظ ہے بزمِ محبت میں
یہیں ہے خاکِ پروانہ بھی خاکِ شمعِ محفل بھی

یہ مانا پاس ہو پھر بھی ہے تم کو دیکھنا مشکل
رگِ جاں بھی ہے پردے میں پسِ پردہ رگِ دل بھی

یہ خونِ آرزو، یہ اشکِ غم، یہ داغِ ناکامی
چمن زارِ وفا ہے میری ویرانیِ محفل بھی

تجھے دیکھوں کہ دل کو، میں اسی الجھن میں رہتا ہوں
ترے ہر جلوے سے ملتا ہوا ہے جلوۂ دل بھی

ازل ہی سے الم ہے کاروانِ غم کی آنکھوں میں
سوادِ شامِ غربت بھی، فروغِ صبحِ منزل بھی